تبصرے

تفہیمات حصہ اوّل - از مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی - تقطیع بڑی ضخامت صفحات ۳۵۰ کتاب طباعت بہتر قیمت غیر مجلد عہ مجلد ع - پتہ: دفتر رسالہ ترجمان القرآن لاہور

مولانا ابوالاعلیٰ مودودی کے جو مضامین ترجمان القرآن میں نکلتے رہے ہیں اُن کا ایک مجموعہ "تنقیحات" کے نام سے پہلے شائع ہو چکا ہے - اب یہ دوسرے مضامین کا مجموعہ ہے جو تفہیمات کے نام سے موسوم ہے اِس میں خود لائق مؤلف کے بقول "اسلام کے ان مہمات مسائل کو سمجھانے کی کوشش کی گئی ہے جن کے متعلق آج کل لوگوں میں غلط فہمیاں پھیلی ہوئی ہیں" اس مجموعہ میں چھوٹے بڑے چوبیس مضامین ہیں اور ہر ایک مضمون بجائے خود مفید اور موثر ہے - مسائل اسلام کی تشریح و توضیح میں نقلی دلائل کے ساتھ عقلی دلائل سے بھی پہلو بہ پہلو کام لیا گیا ہے - زبان اور انداز بیان صاف اور سلیس ہے - مذہب سے واقف اور ناواقف دونوں قسم کے لوگوں کے لیے اس کا مطالعہ کارآمد ہوگا -

حکایات رومی - از مرزا نظام شاہ صاحب لبیب تقطیع $\frac{۲۲×۱۸}{۸}$ کتابت طباعت بہتر ضخامت حصہ اول ۱۴۸ صفحات قیمت ۱۲؍ ضخامت حصہ دوم صفحات ۹۰ - ملنے کا پتہ: انجمن ترقی اُردو (ہند) دہلی

مثنوی مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ میں صدہا حکایات، محاضرات اور مطائبات ہیں جن کو اخلاقی درس و موعظت کے لیے بڑی خوبی اور غیر معمولی فصاحت و بلاغت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے، اس کتاب میں مرزا نظام شاہ صاحب لبیب نے انہیں حکایات کا اُردو ترجمہ کسی قدر حذف و تنسیخ کے ساتھ پیش کیا ہے - ترجمہ نہایت صاف اور سلیس اور دہلی کی ٹکسالی زبان میں ہے جو لوگ اصل مثنوی کو نہیں پڑھ سکتے - یا اُسے پورے طور پر سمجھ نہیں سکتے اُن کے لیے اور خصوصاً عورتوں اور بچوں کے لیے "حکایات رومی" کا مطالعہ بہت مفید ہوگا - زبان